**Most Immediate**

**No.PA/Khyber Pakhtunkhwa/Legis:II/2026/ 697**
**Date: 17 July, 2026**

To,

All the Administrative Secretaries,
Government of Khyber Pakhtunkhwa

Subject: - **ALLOTMENT OF DAYS FOR ANSWERING QUESTIONS FOR 9TH SESSION OF THE PROVINCIAL ASSEMBLY OF KHYBER PAKHTUNKHWA.**

Dear Sir,

I am directed to refer to the subject cited above and to inform you that under rule 56 of the Provincial Assembly of Khyber Pakhtunkhwa Procedure and Conduct of Business Rules, 2025, Mr. Speaker has been pleased to allot days to various Administrative Departments in order of rotation for answering questions in the Provincial Assembly Session as at Annexure-I.

**2.** Questions in 126th, 127th, 128th, 129th and 130th groups as at Annexure-II will be taken-up on 27th, 28th, 29th, 30th, and 31st July, 2026, respectively, for the 9th Session of the Assembly. Moreover, replies to the questions, if already not sent, shall be sent at least two clear days before the day fixed for their replies.

**3.** In case of non-receipt of reply to a question, blank question will be placed on the list of business, and in that case, any inconvenience caused to the Minister, the Department will be responsible.

**Note: -** **Allotment of days along-with list of questions can also be downloaded from the official website of the Provincial Assembly on the given link:-www.pakp.gov.pk**

Yours faithfully,

**(SARMAD ULLAH KHAN AFRIDI)**
**ASSISTANT SECRETARY-VIII**

Endst: No. & Date Even

Copy of the above is forwarded for information & necessary action to:-

1. All the Provincial Ministers, Khyber Pakhtunkhwa.
2. All the Advisors to Chief Minister, Khyber Pakhtunkhwa.
3. All the Special Assistants to Chief Minister, Khyber Pakhtunkhwa.
4. All the Honorable Members of the Provincial Assembly of Khyber Pakhtunkhwa.
5. The Principal Secretary to Chief Minister, Khyber Pakhtunkhwa.
6. The Principal Secretary to Governor, Khyber Pakhtunkhwa.
7. The Principal Secretary to Mr. Speaker, Provincial Assembly of Khyber Pakhtunkhwa for information of the Hon'ble Speaker.
8. All the Additional Secretaries, Provincial Assembly of Khyber Pakhtunkhwa.
9. The Director IT, Provincial Assembly of Khyber Pakhtunkhwa.
10. The Director Coordination & Protocol, Provincial Assembly of Khyber Pakhtunkhwa.
11. The A.P.S to Secretary, Provincial Assembly of Khyber Pakhtunkhwa for information of the Secretary.
12. All the Deputy Secretaries, Provincial Assembly of Khyber Pakhtunkhwa.
13. The Deputy Private Secretary to Deputy Speaker, Provincial Assembly of Khyber Pakhtunkhwa for information of the Honorable Deputy Speaker.
14. All the Assistant Secretaries, Provincial Assembly of Khyber Pakhtunkhwa.
15. The Private Secretary to Chief Secretary, Khyber Pakhtunkhwa for information of the Chief Secretary.

**ASSISTANT SECRETARY-VIII**

**ANNEXURE-I**

## ALLOTMENT OF DAYS FOR THE 9TH SESSION OF THE PROVINCIAL ASSEMBLY OF KHYBER PAKHTUNKHWA

| Group No. | Date of Sitting | Name of Departments |
|---|---|---|
| 126th | Monday<br>27th July, 2026 | • Finance<br>• Administration<br>• Zakat, Ushr, Social Welfare, Special Education & Women Empowerment |
| 127th | Tuesday<br>28th July, 2026 | • Food<br>• Information & Public Relation<br>• Higher Education, Archives & Libraries<br>• Elementary & Secondary Education |
| 128th | Wednesday<br>29th July, 2026 | • Agriculture<br>• Communication & Works<br>• Local Government, Elections & Rural Development<br>• Law, Parliamentary Affairs & Human Rights<br>• Live Stock, Fisheries & Cooperative<br>• Public Health Engineering |
| 129th | Thursday<br>30th July, 2026 | • Planning & Development<br>• Health<br>• Human Resource Management Department<br>• Sports & Youth Affairs<br>• Culture, Tourism, Archaeology & Museum<br>• Home & Tribal Affairs |
| 130th | Friday<br>31st July, 2026 | • Revenue & Estate<br>• Auqaf, Hajj, Religious & Minority Affairs<br>• Climate change, Forestry, Environment and wildlife<br>• Industries, Commerce & Technical Education<br>• Excise, Taxation & Narcotics Control |

**ANNEXURE-II**

# صوبائی اسمبلی سیکرٹریٹ خیبر پختونخوا

نوویں اجلاس کا 126 واں گروپ

## نشان زدہ سوالات (Starred Questions)

جو کہ 27 جولائی 2026ء کو منعقدہ اجلاس کے دوران دریافت کئے جائینگے۔

**Notice Date :** Jul 01, 2025 -- 09:58 AM - Tue
سوال نمبر **Question # 1568**
**Sent to Dept Date:** Jul 08, 2025 - Tue
**جناب ارباب محمد عثمان خان صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر زکوٰۃ، عشر، سماجی بہبود، خصوصی تعلیم وترقی نسواں ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ حکومت کی طرف سے ڈپٹی کمشنر کی زیر نگرانی پشاور کے ہر صوبائی حلقہ میں 1000 (ہزار) مستحق افراد میں 10000 (دس ہزار) روپے بطور رمضان پیکج دیا گیا ہے؟

(ب) آیا یہ بھی درست ہے کہ ڈپٹی کمشنر پشاور کے دفتر سے جاری کردہ اعلامیہ کے مطابق ہر ویلج کونسل/نیبر ہوڈ کونسل کی سطح پر ایک کمیٹی بنائی گئی جس میں ایک متعلقہ حلقے کا منتخب ممبر صوبائی اسمبلی کا فوکل پرسن بھی تھا؟

(ج) اگر (الف) و (ب) کے جوابات اثبات میں ہوں تو

(i) ویلج/نیبر ہوڈ کونسل پی کے 75 میں فوکل پرسنز کس کس کے کہنے پر نامزد کیے گئے ہیں تفصیل فراہم کی جائے

(ii) پی کے 75 میں کل کتنے افراد کو کتنی کتنی رقوم ادا کی گئی ہیں تمام افراد کے نام، ولدیت، شناختی کارڈ نمبر، پتہ، اکاونٹ نمبر اور ویلج کونسل سطح پر فوکل پرسن کی مکمل تفصیلات فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Oct 08, 2025 -- 03:42 PM - Wed
سوال نمبر **Question # 1953**
**Sent to Dept Date:** Jan 06, 2026 - Tue
**جناب سجاد اللہ صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر خزانہ ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ سال 2020 سے لیکر 2025 تک صوبائی حکومت نے مختلف غیر ملکی قرضے حاصل کئے ہیں؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو:۔

(i) قرضوں کی نوعیت اور شرائط کیا تھیں؟ ہر قرضے کی رقم معاہدہ کی تاریخ قرض دینے والا ادارہ (ایشیائی ترقیاتی بینک، عالمی بینک، یا دیگر)، مارک اپ/شرح سود اور ادائیگی کا شیڈول فراہم کیا جائے۔

(ii) مذکورہ قرضہ کی رقم کن کن شعبہ جات کیلئے مختص کی گئی ہے اور ان میں سے کتنی خرچ ہوئی؟ شعبہ وار تقسیم اور خرچ شدہ رقم کی تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Oct 08, 2025 -- 03:56 PM - Wed
سوال نمبر **Question # 1947**
**Sent to Dept Date:** Jan 06, 2026 - Tue
**محترمہ ریحانہ اسماعیل صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر انتظامیہ ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ پشاور میں ضلعی انتظامیہ کے افسران کو مختلف مراعات حاصل ہیں؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو:۔

(ج) پشاور میں تعینات ڈپٹی کمشنر، اسسٹنٹ کمشنرز اور ایڈیشنل اسسٹنٹ کمشنرز کے پاس کتنی سرکاری گاڑیاں، رہائشگاہیں اور دیگر مراعات موجود ہیں تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Nov 13, 2025 -- 12:34 PM - Thu
**Question # 1904**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Dec 26, 2025 - Fri
جناب عسکر پرویز صاحب , رکن صوبائی اسمبلی

کیاوزیرزکوۃ عشر سماجی بہبودوحقوق نسواں ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف)آیایہ درست ہے کہ صوبے میں خواتین، مردوں، بچوں اوراقلیتوں پر تشدد میں اضافہ ہورہاہے ؟

(ب)اگر(الف)کاجواب اثبات میں ہوتوحکومت اس سلسلے میں کیااقدامات کررہی ہے ؟تفصیل فراہم کی جائے۔

# صوبائی اسمبلی سیکرٹریٹ خیبر پختونخوا

نوویں اجلاس کا 127 واں گروپ

## نشان زدہ سوالات (Starred Questions)

28 جولائی 2026ء کو منعقدہ اجلاس کے دوران دریافت کئے جائینگے۔ جو کہ

**Notice Date :** Jun 30, 2025 -- 12:02 PM - Mon
**Question # 1381** سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Jul 01, 2025 - Tue
**محترمہ شہلا بانو صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی**

کیا وزیر ابتدائی وثانوی تعلیم از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ سرکاری سکولوں کی مرمت اور رنگ وروغن پر حکومت سالانہ خطیر رقم خرچ کرتی ہے؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو:۔

(i) پرائمری، مڈل، ہائی اور ہائر سیکنڈری سکولوں پر کس حساب سے رقم خرچ کی جاتی ہے؟ نیز رقم خرچ کرنے کا طریقہ کار کیا ہے؟

(ii) اگر رقم کسی کمیٹی کے ذریعے خرچ کی جاتی ہے تو کمیٹی کن کن ممبران پر مشتمل ہوتی ہے مکمل تفصیل فراہم کیا جائے۔

**Notice Date :** Jun 30, 2025 -- 12:03 PM - Mon
**Question # 1382** سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Jul 01, 2025 - Tue
**محترمہ شہلا بانو صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی**

کیا وزیر ابتدائی وثانوی تعلیم از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ حکومت سکولوں کے طلباء وطالبات کو مفت کتب فراہم کرتی ہے؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو کتب فراہمی کا طریقہ کار کیا ہے نیز پرنٹنگ اور ترسیل پر سالانہ کتنا خرچہ آتا ہے۔ 2022 سے تاحال تمام اخراجات کی مکمل تفصیل فراہم کیا جائے۔

**Notice Date :** Jun 30, 2025 -- 12:49 PM – Mon
**Question # 1591** سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Jul 07, 2025 - Mon
**جناب احمد کنڈی صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیا وزیر برائے اعلیٰ تعلیم، ارکائیوز و کتب خانے از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ صوبہ خیبر پختونخوا میں لائبریریاں قائم کی گئی ہیں؟

(ب) اگر الف کا جواب اثبات میں ہو تو یہ لائبریریاں کن کن اضلاع میں قائم کی گئی ہیں؟ ان لائبریریوں میں موجود کتابوں کی تفصیل ضلع وائز فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Jun 30, 2025 -- 01:37 PM - Mon
**Question # 1431** سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Jul 07, 2025 - Mon
**جناب احسان اللہ خان صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیا وزیر ابتدائی وثانوی تعلیم از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ حال ہی میں پورے صوبے اور ضلع ڈیرہ اسماعیل خان میں مختلف سکولوں کو اپ گریڈ کیا گیا ہے اور نئے سکولوں کی تعمیر بھی ہوئی ہیں۔

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو:

(i) تاحال ڈیرہ اسماعیل خان میں کتنے سکول، کہاں کہاں اپ گریڈ کئے گئے ہیں اور ضلع ڈیرہ اسماعیل خان میں تاحال کتنے نئے سکول کہاں کہاں پر تعمیر کئے گئے ہیں، تحصیل وائز مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔

(ii) نیز تحصیل درابن، تحصیل درازندہ اور تحصیل کلاچی میں باوجود اس کے کہ یہ علاقے کافی پسماندہ ہیں، سکول کیوں اپ گریڈ نہیں کئے گئے اور نا ہی نئے سکول تعمیر کئے گئے ہیں، اس حوالے سے سکولوں کی اپ گریڈیشن اور نئے سکولوں کی تعمیر کے حوالے سے صوبائی حکومت نے کیا کسوٹی رکھی ہے، تفصیل سے فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Jul 01, 2025 -- 09:55 AM – Tue
**Question # 1521**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Jul 04, 2025 - Fri
**جناب ارباب محمد عثمان خان صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر خوراک ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ صوبہ میں آٹے کی قیمتوں کا تعین کرنا صوبائی حکومت کی ذمہ داری ہے؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو:۔

(i) سال 2013 سے تاحال آٹے کی قیمتوں کا تعین کس طریقہ کار کے تحت کیا گیا ہے؟ اور آٹے کی قیمتوں میں ہوشربا اضافہ کی وجوہات کیا ہیں؟

(ii) سال 2013 سے تاحال آٹے کی قیمتوں کی تفصیل بمعہ سرکاری نرخنامہ جات کی کاپیاں فراہم کی جائیں۔

(iii) آٹے کی قیمتوں میں کمی لانے کیلئے حکومت نے کیا اقدامات اور فارمولہ طے کیا ہے؟ مکمل تفصیلات فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Jul 01, 2025 -- 10:10 AM - Tue
**Question # 1615**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Jul 09, 2025 - Wed
**جناب سجاد اللہ صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر ابتدائی وثانوی تعلیم ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ ضلع کوہستان کے مختلف سرکاری سکولوں میں مرد و خواتین اساتذہ کی کمی ہے؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو ضلع کوہستان کے کن کن (گرلز و بوائز) پرائمری، مڈل و ہائی سکولوں میں کتنے اور کون کون سے مضامین کے اساتذہ کی کمی ہے اور اس ضمن میں محکمہ نے اب تک کیا اقدامات کئے ہیں مکمل تفصیل فراہم کی جائے؟

**Notice Date :** Jul 01, 2025 -- 10:23 AM - Tue
**Question # 1616**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Jul 09, 2025 - Wed
**جناب محمد رشاد خان صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر ابتدائی وثانوی تعلیم ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ گورنمنٹ گرلز مڈل سکول بٹیال بشام ضلع شانگلہ کو ہائی سکول کا درجہ دیا گیا؟

(ب) آیا یہ بھی درست ہے کہ مذکورہ سکول میں ہائی کلاسز کے لیے عمارت تعمیر کی گئی ہے؟

(ج) آیا یہ بھی درست ہے کہ مذکورہ سکول کیلئے ضروری سٹاف میں درجہ چہارم کی ملازمین کی بھرتیاں بھی کی گئیں ہیں؟

(د) اگر (الف) تا (ج) کے جوابات اثبات میں ہوں تو کب تک مذکورہ سکول میں ہائی کلاسز شروع کی جائیں گی؟ اور تاحال کلاسز شروع نہ کرنے کی وجوہات بھی بتائی جائیں۔

**Notice Date :** Oct 08, 2025 -- 04:09 PM - Wed
**Question # 1942**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Jan 06, 2026 - Tue
**جناب سجاد اللہ صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

ازراہِ کرم وزیر برائے خوراک ارشاد فرمائیں کہ:

(الف) کیا یہ درست ہے کہ ضلع لوئر کوہستان میں ڈسٹرکٹ فوڈ کنٹرولر یا متعلقہ سٹاف تعینات نہیں ہے؟

(ب) اگر حصہ (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو براہِ کرم یہ وضاحت فرمائی جائے کہ ایسی صورت میں عوام کو سرکاری نرخوں پر آٹا اور دیگر اشیائے خورد و نوش کی فراہمی کس طریقہ کار کے تحت عمل میں لائی جا رہی ہے؟

**Notice Date :** Jan 12, 2026 -- 02:51 PM - Mon
**Question # 2032**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Jan 28, 2026 - Wed
**محترمہ ایمن جلیل جان صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر برائے اعلیٰ تعلیم، ارکائیوز و کتب خانے ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) صوبہ خیبر پختونخوا کی کون کون سی سرکاری جامعات میں انگریزی، فلسفہ اور اردو کے مضامین میں پی ایچ ڈی پروگرامز پڑھائے جا رہے ہیں؟

(ب) اگر کسی جامعہ میں مذکورہ مضامین میں پی ایچ ڈی پروگرام موجود نہیں تو اس کی وجوہات سے بھی ایوان کو آگاہ کیا جائے۔

(ج) ایم فل اور پی ایچ ڈی طلبہ کی نگرانی (سپرویژن) کے لیے مقررہ اہلیت، معیار اور قواعد و ضوابط کیا ہیں؟

(د) نیز ہر پانچ ایم فل/پی ایچ ڈی اسکالرز کے لیے کتنے سپروائزرز کی موجودگی لازم قرار دی گئی ہے؟ اس ضمن میں متعلقہ پالیسی کی تفصیلات فراہم کی جائیں۔

**Notice Date :** Jan 12, 2026 -- 02:52 PM - Mon
**Question # 2028**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Jan 27, 2026 - Tue
محترمہ ایمن جلیل جان صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی

کیاوزیرابتدائی وثانوی تعلیم ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیایہ درست ہے کہ گزشتہ پانچ برسوں کے دوران سرکاری سکولوں میں طلبہ کے سیکھنے کے نتائج (Learning Outcomes) اساتذہ کی حاضری، اور بورڈ امتحانات کے نتائج میں قابل پیمائش بہتری ریکارڈ کی گئی ہے؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو

(i) ضلع وار اعداد وشمار اور موازنہ رپورٹ فراہم کی جائے۔

(ii) اربوں روپے کے تعلیمی بجٹ کے باوجود طلبہ کا ڈراپ آوٹ ریٹ، خصوصاً بچیوں کا، اب بھی کیوں بڑھ رہا ہے اور اس ناکامی کی براہ راست ذمہ داری کس سطح پر عائد ہوتی ہے۔ تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Jan 14, 2026 -- 04:28 PM - Wed
**Question # 2047**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Jan 30, 2026 - Fri
محترمہ شازیہ جدون صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی

کیاوزیر برائے اعلیٰ تعلیم، ارکائیوز وکتب خانے ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیایہ درست ہے کہ ہری پور میں Pak-Austria Fachhochschule Institute of Applied Sciences and Technology (PAF-IAST) موجود ہے؟

(ب) آیایہ بھی درست ہے کہ یہ یونیورسٹی آف ہری پور سے affiliated ہے؟

(ج) اگر (الف) و(ب) کے جوابات اثبات میں ہوں تو

(i) اس ادارے کے قیام کے اغراض ومقاصد کی تفصیل فراہم کی جائے۔

(ii) نیز اس Institute میں پڑھائے جانے والے کورسس کی ڈگری ہری پور یونیورسٹی جاری کرے گی یا کوئی اور ادارہ؟ تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Jan 14, 2026 -- 04:29 PM - Wed
**Question # 2054**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Jan 30, 2026 - Fri
محترمہ شازیہ جدون صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی

کیاوزیر برائے اعلیٰ تعلیم، ارکائیوز وکتب خانے ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیایہ درست ہے کہ Pak-Austria Fachhochschule Institute of Applied Sciences and Technology (PAF-IAST) ہری پور کو Degree awarding Institute کا درجہ دیا گیا ہے؟

(ب) آیایہ بھی درست ہے کہ اس میں ایک میڈیکل کالج کے قیام کا اعلان کیا گیا ہے جس میں DHQ ہری پور کے ڈاکٹرز کے Appointment letters بھی جاری کیے گئے ہیں؟

(ج) اگر (الف) و(ب) کے جوابات اثبات میں ہوں تو

(i) ایک ٹیکنکل ادارہ کیسے میڈیکل کالج کھول سکتا ہے؟ تفصیل فراہم کی جائے۔

(ii) مذکورہ میڈیکل کالج میں ڈاکٹروں کے آرڈرز کس قانون کے تحت ہوئے ہیں؟ ان کے آرڈرز کی کاپیوں کے ساتھ مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Feb 15, 2026 -- 11:57 AM - Sun
**Question # 2090**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** May 07, 2026 - Thu
جناب محمد نثار صاحب , رکن صوبائی اسمبلی

کیاوزیر ابتدائی وثانوی تعلیم ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیایہ درست ہے کہ پرائیویٹ سکولز ریگولیٹری اتھارٹی ایکٹ 2017 نجی تعلیمی اداروں کے لیے ایک خصوصی قانون کی حیثیت رکھتا ہے؟

(ب) آیایہ بھی درست ہے کہ پی ایس آر اے ایکٹ 2017 کے موثر نفاذ اور مختلف محکموں کے درمیان اختیارات کے ٹکراؤ سے بچاؤ کیلئے مختلف اقدامات کیے جارہے ہیں؟

(ج) اگر (الف) و(ب) کے جوابات اثبات میں ہوں تو حکومت نے تاحال اس پر کتنا اور کیا کام کیا ہے؟ مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Apr 23, 2026 -- 12:31 PM - Thu
**Question # 2121**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** May 11, 2026 - Mon
**جناب عدنان خان صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر اطلاعات وتعلقاتِ عامہ ازراہِ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ :

(الف) کیایہ درست ہے کہ کمیشن برائے اطلاعات تک رسائی میں کیسز دائر کیے جاتے ہیں؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو:

(i) کمیشن برائے اطلاعات تک رسائی میں گزشتہ دو سال کے دوران دائر کیے گئے کیسز کی کل تعداد کیا ہے؟

(ii) گزشتہ دو سال کے دوران کتنے کیسز منظور کیے گئے، اور ذمہ دار افسران پر عائد کیے گئے جرمانوں کی محکمہ وار تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Apr 23, 2026 -- 12:40 PM – Thu
**Question # 2105**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** May 11, 2026 - Mon
**جناب عدنان خان صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر ابتدائی وثانوی تعلیم ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) کلاس روم کی تبدیلی کے ذریعے ابتدائی بہتری کے منصوبہ کا اجمالی جائزہ (Project Overview)، اس کے مقاصد (Objectives) اور اہم اجزاء (Components) کیا ہیں؟

(ب) مذکورہ منصوبہ کے لیے گزشتہ تین سالوں کے دوران حاصل ہونے والی غیر ملکی فنڈنگ (Foreign Funding) کی سال وار تفصیلات کیا ہیں؟

**Notice Date :** Jun 18, 2026 -- 02:30 PM - Thu
**Question # 2135**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Jul 08, 2026 - Wed
**جناب آصف خان صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر برائے اعلیٰ تعلیم ازراہِ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ محکمہ اعلیٰ تعلیم نے اپنے مراسلہ نمبر HE/3-5/2025/KPU Act مورخہ 2025/03/17 کے ذریعے صوبہ خیبر پختونخوا کی تمام جامعات میں یونیورسٹیز (ترمیمی) ایکٹ، 2024 کے نفاذ کی ہدایات جاری کی ہیں؟

(ب) اگر (الف) کا جواب مثبت میں ہو تو صوبہ کی ہر جامعہ کی جانب سے مذکورہ ایکٹ پر عملدرآمد کی موجودہ صورتحال کیا ہے؟ خصوصاً گومل یونیورسٹی، ڈی آئی خان میں مذکورہ ایکٹ کی مختلف شقوں پر عملدرآمد کی تفصیلات، بشمول جاری، مکمل شدہ اور زیرِ عمل اقدامات فراہم کی جائیں۔

# صوبائی اسمبلی سیکرٹریٹ خیبر پختونخوا

نوویں اجلاس کا 128واں گروپ

## نشان زدہ سوالات (Starred Questions)

جو کہ 29 جولائی 2026ء کو منعقدہ اجلاس کے دوران دریافت کئے جائینگے۔

**Notice Date :** Jun 30, 2025 -- 12:56 PM - Mon
**Question # 1477**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Jul 11, 2025 - Fri
جناب احمد کنڈی صاحب , رکن صوبائی اسمبلی

کیا وزیرِ لائیو سٹاک، ماہی پروری و کوآپریٹو ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ سال 2022ء میں فشریز ایکٹ میں مختلف ترامیم کی گئیں ہیں جبکہ رولز ابھی تک زیرِ التوا ہیں؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو، مذکورہ ترامیم نافذ العمل ہونے کی صورت میں سال 2023ء سے تاحال کتنے لائسنس جاری کئے گئے؟ اس کی تفصیل فراہم کی جائے۔

(ج) آل پاکستان فشریز ایکٹ 1961 کے مطابق اینگلنگ لائسنس جو کہ وفاقی حکومت کے ماتحت صوبوں کے ذریعے جاری کئے جاتے رہے ہیں، کو کیوں تاحال بند کئے گئے؟ اس کی وضاحت کی جائے اور یہ کب تک بحال کئے جائیں گے؟

**Notice Date :** Jun 30, 2025 -- 02:15 PM - Mon
**Question # 1571**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Jul 08, 2025 - Tue
جناب عدنان خان صاحب , رکن صوبائی اسمبلی

کیا وزیر بلدیات، الیکشن و دیہی ترقی ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ حکومت نے 2024-25 میں ٹرانسفارمرز کے مرمت کیلئے حلقہ وائز ایک کروڑ روپے مختص کئے تھے؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو:-

(i) یہ رقم کس طریقہ کار کے تحت استعمال ہوئی ای ٹینڈر کے ذریعے استعمال ہوئی یا کوئی اور طریقے کے ذریعے استعمال ہوئی ہیں۔ فنڈز کی حلقہ وائز تفصیل فراہم کی جائے۔

(ii) DDC میٹنگز کی تفصیل بمعہ منٹس فراہم کریں۔

**Notice Date :** Aug 18, 2025 -- 11:46 AM - Mon
**Question # 1719**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Aug 19, 2025 - Tue
جناب جوہر محمد صاحب , رکن صوبائی اسمبلی

کیا وزیر مواصلات و تعمیرات ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ لکی۔ میانوالی روڈ پر درہ تنگ کے مقام پر ایک ٹول پلازہ واقع ہے؟

(ب) آیا یہ بھی درست ہے کہ مذکورہ ٹول پلازہ کی نیلامی کی مد میں ایک خطیر رقم خیبر پختونخوا ہائی ویز اتھارٹی کو ملتی ہے؟

(ج) اگر (الف) و (ب) کے جوابات اثبات میں ہوں تو:

(i) سال 2020 سے لے کر اب تک صوبائی حکومت کو کل کتنی رقم مذکورہ ٹول پلازہ کی نیلامی کی مد میں ملی ہے؟ اس کی سالانہ وار تفصیل فراہم کی جائے۔

(ii) مذکورہ ٹول پلازہ کی ٹول ٹیکس سے حاصل شدہ رقم کے مصارف کیا کیا ہیں؟ اس کی بھی تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Sep 22, 2025 -- 06:02 PM - Mon
**Question # 1875**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Oct 21, 2025 - Tue
محترمہ جمیلہ پراچہ صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی

کیا وزیر بلدیات، الیکشن و دیہی ترقی ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ کوہاٹ کے شہری علاقوں کی تقریباً تمام یونین کونسلوں میں صفائی کی صورتحال انتہائی ناقص ہے۔ کچرا اٹھانے کے نظام میں رکاوٹیں ہیں۔ سیوریج لائنوں کی صفائی نہیں کی جاتی اور عملہ و مشینری کی کمی کی شکایات بھی عام ہیں؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو

(i) کیاٹی ایم اے کوہاٹ نے شہری یونین کونسلوں میں صفائی کے مسئلے کے حل کے لئے کوئی جامع لائحہ عمل ترتیب دیا ہے؟ اگر لائحہ عمل موجود ہے تو اس کی تفصیلات (فنڈز، مشینری، افرادی قوت اور سالانہ منصوبہ جات) کی تفصیل فراہم کی جائے۔

(ii) اس لائحہ عمل پر اب تک کون سے اقدامات کئے گئے ہیں؟ اور کن منصوبوں پر عمل درآمد جاری ہے؟ اگر کوئی لائحہ عمل موجود نہیں تو حکومت اس سنگین مسئلے کے حل کے لئے کب اور کیا اقدامات اٹھائے گی؟

**Notice Date :** Oct 08, 2025 -- 03:45 PM - Wed
سوال نمبر**Question # 1944**
**Sent to Dept Date:** Jan 05, 2026 - Mon
**جناب سجاد اللہ صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیا وزیرِ زراعت ازراہِ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ ——

(الف) آیا یہ درست ہے کہ محکمہ زراعت نے ضلع لوئر کوہستان میں گزشتہ پانچ سالوں کے دوران مختلف ترقیاتی سکیموں پر کام کیا ہے؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو مذکور ضلع میں سال 2020 سے لیکر 2024 تک محکمہ زراعت کے تحت مکمل شدہ اور زیرِ تکمیل ترقیاتی منصوبوں کی فہرست بمعہ ہر منصوبے کے لیے مختص فنڈز، خرچ شدہ رقم، اور غیر استعمال شدہ فنڈز کی تفصیلات فراہم کی جائیں۔

**Notice Date :** Oct 20, 2025 -- 11:51 AM - Mon
سوال نمبر**Question # 1906**
**Sent to Dept Date:** Dec 02, 2025 - Tue
**محترمہ شاہدہ صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی**

کیا وزیرِ مواصلات و تعمیرات ازراہِ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) کیا یہ درست ہے کہ محکمۂ مواصلات و تعمیرات (W&C) ضلع میں سڑکوں کی تعمیر کے لیے فنڈز فراہم کرتا ہے؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو گزشتہ چھ (6) سالوں کے دوران ضلع مردان کی تمام تحصیلوں میں سڑکوں کی تعمیر کے لیے کتنا فنڈ فراہم کیا گیا؟ نیز ہر سڑک کی لمبائی، منظور شدہ فنڈز، ٹھیکیدار کا نام، اور مقام (جگہ) کی مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Oct 20, 2025 -- 11:52 AM – Mon
سوال نمبر**Question # 2005**
**Sent to Dept Date:** Jan 12, 2026 - Mon
**محترمہ شاہدہ صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی**

کیا وزیر بلدیات، الیکشن و دیہی ترقی ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ ہر ضلع میں ڈسٹرکٹ ڈیویلپمنٹ ایڈوائزری کمیٹی قائم ہے؟

(ب) آیا یہ بھی درست ہے کہ ترقیاتی سکیموں اور دوسری سرگرمیوں کیلئے فنڈز ڈیڈک کے ذریعے تقسیم ہوتے ہیں جس کیلئے باقاعدہ ڈیڈک میٹنگ منعقد ہوتی ہیں؟

(ج) اگر (الف) و (ب) کے جوابات اثبات میں ہوں تو

(i) گذشتہ اور موجودہ حکومتوں کے دوران ڈیڈک مردان نے کل کتنے اجلاس منعقد کیے ہیں؟ ہر میٹنگ کے مینٹس کی کاپی مہیا کی جائے۔

(ii) ڈیڈک کے ذریعے مذکورہ ادوار میں کل کتنا فنڈ تقسیم کیا گیا؟ تفصیل فراہم کی جائے۔

(iii) مذکورہ ادوار میں کتنے ترقیاتی سکیمیں منظور کی گئیں ہر سکیم کی علیحدہ تفصیل فراہم کریں۔

**Notice Date :** Oct 20, 2025 -- 05:30 PM - Mon
سوال نمبر**Question # 1893**
**Sent to Dept Date:** Nov 05, 2025 - Wed
**محترمہ شازیہ طہماس خان صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی**

کیا وزیر بلدیات، الیکشن و دیہی ترقی ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ پشاور اور مردان اضلاع میں ڈسٹرکٹ ڈویلپمنٹ ایڈوائزری کمیٹی (ڈیڈک) قائم ہو چکی ہے۔

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو

(i) یہ کمیٹیاں کب تشکیل دی گئیں اور ان کے اراکین کون کون ہیں؟ مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔

(ii) اب تک ان کمیٹیوں کے کتنے اجلاس منعقد ہو چکے ہیں اور اس کی رپورٹ پر کیا کاروائی ہو چکی ہے۔ تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Oct 20, 2025 -- 05:32 PM - Mon
سوال نمبر**Question # 1892**
**Sent to Dept Date:** Nov 05, 2025 - Wed
**محترمہ شازیہ طہماس خان صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی**

کیا وزیر بلدیات، الیکشن و دیہی ترقی ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ صوبے میں ہاؤسنگ سوسائٹیز (حکومت سے منظور شدہ) موجود ہیں؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو

(i) کون کون سی ہاؤسنگ سوسائٹیز کہاں کہاں قائم ہیں؟ مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔۔

(ii) غیر قانونی ہاؤسنگ سوسائٹیز کے خلاف اب تک کیا کارروائی عمل میں لائی گئی ہے؟ متعلقہ کیسز اور ان کی تفصیلات فراہم کی جائیں

**Notice Date :** Nov 13, 2025 -- 12:31 PM - Thu
**Question # 1903**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Dec 02, 2025 - Tue
**جناب عسکر پرویز صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیا وزیر بلدیات، الیکشن و دیہی ترقی از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ صوبہ بھر میں اس وقت کچرے کو ٹھکانے لگانے اور ری سائیکلنگ کے مراکز موجود ہیں؟

(ب) آیا یہ بھی درست ہے کہ موجودہ صفائی کے نظام سے حکومت مطمئن ہے؟

(ج) اگر (الف) اور (ب) کے جوابات نفی میں ہوں، تو صفائی کے نظام کو بہتر بنانے کے لیے حکومت کیا اقدامات اٹھانے کا ارادہ رکھتی ہے؟

**Notice Date :** Dec 12, 2025 -- 12:00 PM - Fri
**Question # 1962**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Jan 07, 2026 - Wed
**جناب محمد ریاض - پی کے -95 صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیا وزیر بلدیات، الیکشن و دیہی ترقی از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ خیبر پختونخوا اسٹیٹز امپرومنٹ پراجیکٹ (KPCIP) کے تحت پشاور، ایبٹ آباد، کوہاٹ، مردان اور مینگورہ میں مختلف منصوبوں پر کام جاری ہے؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو

(i) مذکورہ بالا اضلاع میں پانی کی فراہمی، سیوریج، سالڈ ویسٹ مینجمنٹ اور اربن ٹرانسپورٹ کے منصوبوں میں اب تک حاصل شدہ فزیکل پراگریس بشمول جاری شدہ اور خرچ شدہ فنڈز کی مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔

(ii) منصوبوں میں تاخیر کی وجوہات اور حکومت کی جانب سے بروقت تکمیل کے حوالے سے لیے گئے اقدامات کی تفصیل بھی فراہم کی جائے۔

نیز یہ بھی بتایا جائے کہ یہ پروگرام کن کن منصوبوں کے تحت چلایا جا رہا ہے؟ تفصیل فراہم کریں۔

**Notice Date :** Apr 20, 2026 -- 04:40 PM - Mon
**Question # 2143**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:**
**محترمہ مدینہ گل آفریدی صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی**

کیا وزیر آبنوشی از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) ضلع خیبر میں پبلک ہیلتھ انجینئرنگ کی واٹر سپلائی سکیموں کی تعداد کتنی ہیں اور ان میں سے کتنی فعال اور کتنی غیر فعال ہیں تفصیل فراہم کی جائے۔

(ب) غیر فعال سکیم کب تک فعال بنائے جائیں گے مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Apr 23, 2026 -- 02:30 PM - Thu
**Question # 2111**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** May 11, 2026 - Mon
**محترمہ شازیہ جدون صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی**

کیا وزیر قانون، پارلیمانی امور و انسانی حقوق از راہِ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ ہر ضلع میں ہراسمنٹ کمیٹیاں موجود ہوتی ہیں؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو:

(i) ضلع ہری پور میں کن کن محکموں میں ہراسمنٹ کمیٹیاں قائم ہیں، اور ان کی سربراہی کون کرتا ہے؟

(ii) ضلع کی سطح پر ان کمیٹیوں کا مرکزی انتظام کس محکمہ کے ساتھ منسلک ہوتا ہے؟

(iii) ضلع ہری پور میں موجود تمام اداروں کی ہراسمنٹ کمیٹیوں کی مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔

(iv) ضلع ہری پور میں گزشتہ چھ ماہ کے دوران ان ہراسمنٹ کمیٹیوں کے پاس کتنی شکایات درج ہوئیں، اور ان پر کیا کارروائی عمل میں لائی گئی؟ تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** May 04, 2026 -- 06:01 PM - Mon
**Question # 2138**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:**
جناب محمد نثار صاحب , رکن صوبائی اسمبلی

کیا وزیر بلدیات، الیکشن و دیہی ترقی ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ مورخہ 04 فروری 2025 کو سیکرٹری بلدیات کے دفتر کی جانب سے تحصیل میونسپل آفس خار باجوڑ کو کرپشن کے حوالے سے شکایات پر مبنی ایک خط بھیجا گیا تھا؟

(ب) یہ بھی درست ہے کہ مذکورہ خط محکمہ مواصلات و تعمیرات (W&C) کی زمین پر TMA کی طرف سے تعمیر کردہ دکانوں کے بارے میں تھا جس میں بہت زیادہ خرد برد ہوئی ہے؟

(ج) اگر (الف) و (ب) کے جوابات اثبات میں ہو تو

(i) مذکورہ انکوائری کے نتائج کیا حاصل ہوئے؟ تفصیل فراہم کریں۔

(ii) ان دکانوں سے حاصل ہونے والی رقم کتنی تھی اور کہاں جمع یا خرچ ہوئی؟ مکمل تفصیلات فراہم کی جائیں۔

**Notice Date :** May 19, 2026 -- 10:25 AM - Tue
**Question # 2132**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Jun 23, 2026 - Tue
جناب محمد سجاد صاحب , رکن صوبائی اسمبلی

کیا وزیر مواصلات و تعمیرات ازراہِ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ ضلع کرک میں محکمہ مواصلات و تعمیرات کے حالیہ ٹینڈرز کی ٹینڈرنگ پراسیس KPPRA Rules کے مطابق انجام پائی؟

(ب) آیا یہ بھی درست ہے کہ مذکورہ ٹینڈرز کے حوالے سے اعتراضات سامنے آئے اور عوامی تشویش کا اظہار کیا گیا؟

(ج) اگر (الف) و (ب) کے جواب اثبات میں ہو تو:

(i) مذکورہ ٹینڈرز پر سامنے آنے والے اعتراضات اور عوامی تشویش کے حوالے سے آیا کوئی غیر جانبدار انکوائری کرائی گئی ہے؟ اگر ہاں تو اس کی مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔

(ii) حکومت اس معاملے پر عوامی اعتماد بحال کرنے اور ایوان کو اعتماد میں لینے کے لئے کیا اقدامات کر رہی ہے مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔

# صوبائی اسمبلی سیکرٹریٹ خیبر پختونخوا

نویں اجلاس کا 129 واں گروپ

## نشان زدہ سوالات (Starred Questions)

جو کہ 30 جولائی 2026ء کو منعقدہ اجلاس کے دوران دریافت کئے جائینگے۔

**Notice Date :** Jun 30, 2025 -- 12:12 PM - Mon
**Question # 1541**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Jul 07, 2025 - Mon
**محترمہ شہلا بانو صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر صحت ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ صوبے میں ڈاکٹر صاحبان اپنے ذاتی مطب میں مریضوں کا مہنگے داموں علاج کرتے ہیں؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو ذاتی مطب کی اجازت کس قانون کے تحت کن حکام کے احکامات پر دی جاتی ہے نیز جو فیس وصول کرتے ہیں اس کا تعین کون کرتا ہے کیا اس کیلئے کوئی سرکاری سطح پر پیمانہ مقرر کیا گیا ہے۔ مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Jun 30, 2025 -- 12:17 PM - Mon
**Question # 1390**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Jul 03, 2025 - Thu
**محترمہ شہلا بانو صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی**

کیا وزیر داخلہ ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ۔

(الف) آیا یہ درست ہے کہ لیڈیز کانسٹیبل عموماً 12 تا 18 گھنٹے ڈیوٹی سرانجام دیتی ہیں؟

(ب) آیا یہ بھی درست ہے کہ 12 تا 18 گھنٹے ڈیوٹی کرنے کے باوجود ان کو اور ٹائم نہیں دیا جاتا؟

(ج) آیا یہ بھی درست ہے کہ ڈیوٹی ختم کرنے کے بعد رات کو لیڈیز کانسٹیبل اکیلے جانے پر مجبور ہوتی ہیں کیونکہ محکمہ کی طرف سے ان کو گھر چھوڑنے کی سہولت میسر نہیں ہے۔

(د) اگر (الف) تا (ج) کے جوابات اثبات میں ہوں تو آیا حکومت لیڈی کانسٹیبلز کو اور ٹائم دینے، گھر چھوڑنے کی سہولت فراہم کرنے اور ڈیوٹی کے اوقات کار میں کمی کرنے کا ارادہ رکھتی ہے تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Jun 30, 2025 -- 02:02 PM - Mon
**Question # 1446**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Jul 07, 2025 - Mon
**جناب عدنان خان صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر شعبہ انتظام وانسانی وسائل ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) گزشتہ 2 سالوں میں محکمہ اینٹی کرپشن کو کتنی شکایات موصول ہوئی، ان میں سے کتنے کیس درج اور کتنے کیسوں کی انویسٹیگیشن وانکوائریاں ہوئیں؟ تفصیل فراہم کی جائے؟

(ب) درج کئے گئے کیسز میں کتنے کیسز میں سزائیں سنائی گئیں، خارج شدہ اور زیر التوا کیسز سمیت مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Jun 30, 2025 -- 02:05 PM - Mon
**Question # 1424**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Jul 07, 2025 - Mon
**جناب عدنان خان صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر منصوبہ بندی و ترقیات ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ 2023-24 سالانہ ترقیاتی پروگرام کے تحت صوبے میں ترقیاتی منصوبوں کے لئے فنڈز مختص کئے گئے تھے؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو:

(i) اب تک کون کونسے منصوبوں کے لئے کتنے فنڈز جاری کئے گئے؟

(ii) کس کس منصوبے پر کام جاری اور کون کون سے منصوبے مکمل ہوئے؟ مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Jul 10, 2025 -- 02:25 PM - Thu
**Question # 1682**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Jul 22, 2025 - Tue
جناب احمد کنڈی صاحب , رکن صوبائی اسمبلی

کیا وزیر داخلہ ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ حکومت نے قومی ایکشن پلان کے تحت صوبہ بھر میں بعض دینی مدارس کے اکاؤنٹس منجمد کئے ہیں؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو صوبہ بھر میں جن دینی مدارس کے اکاؤنٹس منجمد کئے گئے ہیں۔ان کی ضلع وار تفصیل فراہم کی جائیں۔

(ج) جن مدارس کے اکاؤنٹس منجمد کئے گئے ان کی وجوہات کیا ہیں؟ ان مدارس کے اکاؤنٹس سے برآمد ہونے والی رقم کی مکمل تفصیلات بھی فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Jul 17, 2025 -- 11:02 AM - Thu
**Question # 1693**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Aug 18, 2025 - Mon
جناب احمد کنڈی صاحب , رکن صوبائی اسمبلی

کیا وزیر کھیل وامور نوجوانان ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ اپریل 2025 میں "ڈیرہ جات فیسٹول" کے نام سے ڈیرہ اسماعیل خان میں مختلف ثقافتی میلوں اور دیگر ثقافتی سرگرمیوں کا انعقاد کیا گیا تھا؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو

(i) منعقدہ "ڈیرہ جات فیسٹول" میں کون کون سے ثقافتی میلوں اور دیگر ثقافتی سرگرمیوں کا انعقاد کیا گیا تھا؟

(ii) ان تقریبات پر کس طریقہ کار کے تحت کس مد سے کتنا خرچہ کیا گیا تھا۔ہر تقریب کی الگ الگ تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Sep 01, 2025 -- 01:21 PM - Mon
**Question # 1768**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Sep 11, 2025 - Thu
محترمہ شاہدہ صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی

کیا وزیر صحت ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ محکمہ ہسپتالوں کے سامنے اور ہسپتالوں کے اندر کھلے میدان کو ٹیکسی سٹینڈ کے لیے کرایہ پر دیتا ہے؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو ضلع مردان میں فی الوقت کن ہسپتالوں کے اندر اور باہر کھلے میدان اور علاقے کن ٹھیکدار ان کو کتنے ٹھیکے پر ٹیکسی سٹینڈ کے لئے دیئے گئے ہیں؟ تفصیل فراہم کریں۔

**Notice Date :** Sep 01, 2025 -- 01:22 PM - Mon
**Question # 1769**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Sep 15, 2025 - Mon
محترمہ شاہدہ صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی

کیا وزیر ثقافت، سیاحت، آثار قدیمہ و عجائب گھر ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) مردان شہر میں محکمہ آثار قدیمہ کی کل کتنی عمارتیں ہیں اور مذکورہ عمارتیں کن کے زیر قبضہ ہیں؟

(ب) محکمہ مذکورہ عمارتوں کو اپنی تحویل میں لینے اور ان کی مرمت کرنے کا ارادہ رکھتا ہے؟ تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Sep 01, 2025 -- 03:56 PM - Mon
**Question # 1755**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Sep 08, 2025 - Mon
محترمہ آمنہ سردار صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی

کیا وزیر صحت ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ ڈی ایچ کیو بے نظیر بھٹو شہید ہسپتال ایبٹ اباد میں لیبارٹریز موجود ہیں؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو ان لیبارٹریز میں کون کون سے ٹیسٹ کیے جاتے ہیں؟

(i) لیبارٹری کی مشینوں کی جانچ پڑتال کتنی بار کی جاتی ہے؟ اندرونی و بیرونی رپورٹس میں فرق کی شکایات پر کیا اقدامات اٹھائے گئے ہیں؟

**Notice Date :** Sep 01, 2025 -- 03:57 PM - Mon
**Question # 1757**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Sep 08, 2025 - Mon
محترمہ آمنہ سردار صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی

کیا وزیر صحت ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ سول ہاسپٹلز میں کام کرنے والے ڈاکٹرز، نرسوں اور پیرامیڈکس کو HPA ہیلتھ پروفیشنل الاؤنس ملتا ہے؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو کہ یہ الاؤنس ایڈمنسٹریشن، ٹیکنکل سٹاف اور کلاس فور کو کیوں نہیں ملتا؟ تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Sep 05, 2025 -- 04:37 PM - Fri
سوال نمبر**Question # 1805**
**Sent to Dept Date:** Sep 17, 2025 - Wed
**محترمہ شازیہ جدون صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر صحت ازراہ کرم ارشادفرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ ضلع ہری پور میں PPHI کے تحت BHU's کام کر رہے ہیں؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو ضلع ہری پور میں کتنے BHU's کون کونسے علاقوں میں ہیں؟ نیز مذکورہ BHU's میں تمام سٹاف بمعہ ڈاکٹروں کے ناموں کی تفصیل فراہم کی جائے

**Notice Date :** Sep 05, 2025 -- 04:38 PM - Fri
سوال نمبر**Question # 1763**
**Sent to Dept Date: July, 09 2026 - Tues**
**محترمہ شازیہ جدون صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر صحت ازراہ کرم ارشادفرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ سرکاری ملازمین کے لیے گورنمنٹ ہسپتالوں میں بلامعاوضہ مختلف بیماریوں کے ٹیسٹ کیے جاتے ہیں؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو ڈی ایچ کیو ہری پور، ایوب میڈیکل کمپلیکس ایبٹ آباد اور ڈی ایچ کیو کیال ایبٹ آباد ہسپتالوں میں سرکاری ملازمین کے لیے کون کون سے فری ٹیسٹ کروانے کی سہولت میسر ہے؟ مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Sep 12, 2025 -- 10:02 AM - Fri
سوال نمبر**Question # 1833**
**Sent to Dept Date:** Oct 09, 2025 - Thu
**جناب سجاد اللہ صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر عملہ ازراہ کرم ارشادفرمائیں گے کہ

(الف) ضلع لوئر کوہستان میں اس وقت کل کتنے ایڈیشنل اسسٹنٹ کمشنرز، اسسٹنٹ کمشنرز اور ایڈیشنل ڈپٹی کمشنرز تعینات ہیں؟ تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Sep 12, 2025 -- 10:05 AM - Fri
سوال نمبر**Question # 1823**
**Sent to Dept Date:** Oct 09, 2025 - Thu
**جناب سجاد اللہ صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر صحت ازراہ کرم ارشادفرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ ایل آر ایچ ہسپتال میں مشینری اور دیگر سامان کی خریداری کی گئی تھی؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو سال 2020ء سے 2024ء کے دوران کون کون سی مشینیں اور میڈیکل و دیگر ساز و سامان کی کتنی بار خریداری کی گئی ہے نیز مذکورہ خریداری کے ٹھیکے کس کو اور کب دیئے گئے مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Sep 12, 2025 -- 04:35 PM - Fri
سوال نمبر**Question # 1858**
**Sent to Dept Date:** Oct 10, 2025 - Fri
**محترمہ مہر سلطانہ صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر صحت ازراہ کرم ارشادفرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ خیبر ٹیچنگ ہسپتال نے مالی سال 2025-26 میں مختلف شعبوں میں اشیاء کی خریداری کیلئے ٹینڈرز کیے گئے ہیں؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو کن کن اشیاء کی فراہمی/خریداری کیلئے کن کن کمپنیوں کو ٹینڈر دیئے گئے ہیں؟ ان کی مکمل تفصیل مع تحریری معاہدے فراہم کی جائیں۔

**Notice Date :** Sep 12, 2025 -- 04:36 PM - Fri
سوال نمبر**Question # 1848**
**Sent to Dept Date:** Oct 09, 2025 - Thu
**محترمہ مہر سلطانہ صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر صحت ازراہ کرم ارشادفرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ خیبر ٹیچنگ ہسپتال کو مالی سال 2025-26 کے دوران ایمرجنسی، او۔پی۔ڈی (OPD)، لیبارٹری اور IBP (Institution Based Practice) کی مد میں رقم حاصل ہوئی؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو درج بالا ذرائع سے اب تک کتنی آمدن ہوئی ہے اور ملنے والی آمدن کو ہسپتال ہذا میں کہاں کہاں پر اور کس کس مدات میں خرچ کیا گیا ہے؟ مکمل تفصیل فراہم کی جائیں۔

# صوبائی اسمبلی سیکرٹریٹ خیبر پختونخوا

نویں اجلاس کا 130 واں گروپ

## نشان زدہ سوالات (Starred Questions)

جو کہ 31 جولائی 2026ء کو منعقدہ اجلاس کے دوران دریافت کئے جائینگے۔

**Notice Date :** Jun 30, 2025 -- 12:19 PM - Mon
**Question # 1385** سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Jul 03, 2025 - Thu
محترمہ شہلا بانو صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی

کیا وزیر آبکاری و محاصل اور انسداد منشیات از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ محکمہ ایکسائیز نے غیر قانونی گاڑیاں ضبط کی ہیں؟ اور وہ گاڑیاں محکمہ نے اپنے افسران کو استعمال کرنے کے لیے دی ہیں؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو

(i) محکمہ نے کتنی غیر قانونی گاڑیاں ضبط کی ہیں؟ گاڑی نمبر کے ساتھ تفصیل فراہم کی جائے۔

(ii) کس قانون کے تحت اور کون کون سی گاڑی کس کس افسر کے پاس زیر استعمال ہیں؟ بمعہ دستاویزات تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Jun 30, 2025 -- 12:20 PM - Mon
**Question # 1387** سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Jul 03, 2025 - Thu
محترمہ شہلا بانو صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی

کیا وزیر آبکاری و محاصل وانسداد منشیات از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ محکمہ ایکسائیز دیگر محکموں کے افسران کو بھی گاڑیاں دیتا ہے؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو

(i) کس قانون کے تحت دوسرے محکموں کے افسران کو گاڑیاں دی جاتی ہیں؟

(ii) دیگر محکموں کے جس جس افسر کو گاڑی Allot ہوئی ہے، ان سب افسران کے نام بمعہ Allotment letter اور جسکے کہنے پر ہوئی ہے ان سب کے نام تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Jun 30, 2025 -- 01:14 PM - Mon
**Question # 1453** سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Jul 04, 2025 - Fri
جناب احمد کنڈی صاحب , رکن صوبائی اسمبلی

کیا وزیر موسمیاتی تبدیلی، ماحولیات، جنگلات و جنگلی حیات از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ خیبر پختونخوا وائلڈ لائف اینڈ بائیوڈائیورسٹی ایکٹ کے باب III کے قوانین کے تحت بغیر اجازت نامے کے شکاری بازوں کے ذریعے شکار کرنا ممنوع ہے؟

(ب) اگر الف کا جواب اثبات میں ہو تو

(i) خیبر پختونخواہ کے شہریوں کو شکار کے اس ثقافتی عمل میں حصہ لینے کی اجازت کے لئے اجازت نامے کیوں جاری نہیں کئے جا رہے؟

(ii) گزشتہ دس سالوں میں کتنے اجازت نامے جاری کئے گئے ہیں اور اسے جاری کرنے کا طریقہ کار کیا ہے؟

(iii) اگر اجازت نامے محدود ہیں تو ان کے اجراء میں رکاوٹ بننے والی مخصوص وجوہات کیا ہیں؟ مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Jun 30, 2025 -- 01:15 PM - Mon
**Question # 1455** سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Jul 04, 2025 - Fri
جناب احمد کنڈی صاحب , رکن صوبائی اسمبلی

کیا وزیر موسمیاتی تبدیلی، ماحولیات، جنگلات و جنگلی حیات از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ گزشتہ 3 سالوں کے دوران صوبہ بھر کے جنگلات میں آگ لگنے کے نتیجے میں بڑے پیمانے پر بلین ٹری سونامی پراجیکٹ کے سائیٹس کو نقصان پہنچا؟

(ب) اگر الف کا جواب اثبات میں ہو تو بلین ٹری سونامی پراجیکٹ کی جن سائیٹس کو آتشزدگی سے نقصان پہنچا ہے۔ ان نقصانات کا تخمینہ کیا ہے؟ ضلع وار تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Jun 30, 2025 -- 01:23 PM - Mon
**Question # 1479**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Jul 11, 2025 - Fri
**جناب احسان اللہ خان صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیرمال واملاک ازراہ کرم ارشادفرمائیں گے کہ

(الف) آیایہ درست ہے کہ لینڈ کمیشن خیبر پختونخوا کی ملکیتی زمین جو کہ 232 کنال اور 02 مرلے تھی، اس کو Khyber Pakhtunkhwa Economic Zones Development and Management Company (KPEZDMC) کیلئے مختص کی گئی؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو درج بالا زمین کس طریقہ کار کے تحت (KPEZDMC) کو مختص کی گئی ہے۔ مکمل تفصیل فراہم کی جائیں۔

**Notice Date :** Jun 30, 2025 -- 01:24 PM - Mon
**Question # 1480**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Jul 11, 2025 - Fri
**جناب احسان اللہ خان صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیرمال واملاک ازراہ کرم ارشادفرمائیں گے کہ

(الف) آیایہ درست ہے کہ ضلع ڈیرہ اسماعیل خان کے موضع درابن کی زمین دواقسام یعنی قابل کاشت اور غیر ممکن پہاڑ پر مشتمل ہیں؟

(ب) آیایہ بھی درست ہے کہ مندرجہ بالا دونوں اقسام میں KPEZDMC کی ملکیت موجود ہیں۔

(ج) اگر (الف) اور (ب) کے جوابات اثبات میں ہو تو اس تقسیم میں KPEZDMC کو کس قانون کے تحت تمام قابل کاشت زمین دی گئی ہیں۔ تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Jul 01, 2025 -- 09:16 AM - Tue
**Question # 1429**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Jul 07, 2025 - Mon
**محترمہ عاصمہ عالم صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر صنعت وحرفت اور فنی تعلیم ازراہ کرم ارشادفرمائیں گے کہ

(الف) آیایہ درست ہے کہ موجودہ حکومت نے ضلع اورکزئی (سابقہ فاٹا) محکمہ صنعت وحرفت اینڈ ٹیکنکل ایجوکیشن کے شعبے کے لئے 2024-25 میں ترقیاتی فنڈز مختص کئے ہیں؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو مذکورہ محکمے کے لئے کل کتنا فنڈ مختص کیا گیا ہے؟ اس میں سے کتنا فنڈ ریلیز کیا گیا ہے؟ اور کتنا فنڈ تاحال خرچ کیا ہے؟ مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Jul 01, 2025 -- 09:19 AM - Tue
**Question # 1427**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Jul 07, 2025 - Mon
**محترمہ عاصمہ عالم صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر صنعت وحرفت اور فنی تعلیم ازراہ کرم ارشادفرمائیں گے کہ

(الف) آیایہ درست ہے کہ جدید دور میں فنی تعلیم کو نئے خطوط پر استوار کرنے کی ضرورت ہے؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو:

(i) محکمہ نے کیا کیا عملی اقدامات اٹھائے ہیں؟

(ii) اس کیلئے موجودہ بجٹ میں کتنی رقم مختص کی گئی ہے؟ اور اس سے صوبے کی فنی تعلیم پر کیا کیا مثبت اثرات/نتائج مرتب ہونگے؟

(iii) اس ہدف کے حصول کیلئے کوئی خصوصی/فنی کمیٹی تشکیل دی گئی ہے۔ کمیٹی کے ممبران کے نام، فنی قابلیت اور اب تک حاصل شدہ کامیابیاں/نتائج کی تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Jul 01, 2025 -- 09:24 AM - Tue
**Question # 1492**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Jul 04, 2025 - Fri
**جناب اعجاز محمد صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیراوقاف، حج، مذہبی واقلیتی امور ازراہ کرم ارشادفرمائیں گے کہ

(الف) آیایہ درست ہے کہ صوبے کے اندر محکمہ کی بہت سی پراپرٹیز لیز پر دی گئی ہیں؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو گزشتہ 5 سالوں کے دوران جن محکموں اور پرائیویٹ افراد کو محکمہ کی کمرشل جائیدادیں لیز پر دی گئی ہیں۔ ان محکموں اور پرائیویٹ افراد کے نام، لیز کی مدت، مالیت بمعہ لیز ایگریمنٹ فراہم کئے جائے

**Notice Date :** Jul 01, 2025 -- 09:25 AM - Tue
**Question # 1491**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Jul 04, 2025 - Fri
**جناب اعجاز محمد صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیراوقاف،حج،مذہبی واقلیتی امورازراہ کرم ارشادفرمائیں گے کہ

(الف) محکمہ اوقاف کے پاس صوبے کے اندرکل کتنی کمرشل عمارتیں ہیں؟ جگہوں کی الگ الگ تفصیل فراہم کی جائے۔

(ب) محکمہ کی کل کمرشل عمارتوں جگہوں کا استعمال اوراس کی آمدن کیاہیں؟ الگ الگ وضاحت کریں۔ نیز محکمہ کے پاس کل ویران اور ناقابل استعمال عمارتوں اور جگہوں کی مکمل تفصیل فراہم کریں۔

**Notice Date :** Jul 01, 2025 -- 09:35 AM - Tue
**Question # 1471**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Jul 04, 2025 - Fri
**جناب محمد نثار صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیرموسمیاتی تبدیلی،ماحولیات،جنگلات وجنگلی حیات ازراہ کرم ارشادفرمائیں گے کہ

(الف) آیایہ درست ہے کہ محکمہ نے جنگلات کی غیر قانونی اوربے دریغ کٹائی کوروکنے کے حوالے سے کمیٹی تشکیل دی ہے؟

(ب) اگر(الف) کاجواب اثبات میں ہوتو کمیٹی کی مکمل تفصیل بمعہ کارکردگی فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Jul 01, 2025 -- 09:47 AM - Tue
**Question # 1440**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Jul 07, 2025 - Mon
**جناب محمد نثار صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیرصنعت وحرفت اورفنی تعلیم ازراہ کرم ارشادفرمائیں گے کہ

(الف) آیایہ درست ہے کہ محکمہ ہذانے نئے ضم اضلاع میں مختلف طریقوں سے تکنیکی اورفنی تعلیم کی سرگرمیاں شروع کی ہیں؟

(ب) اگر(الف) کاجواب اثبات میں ہوتوتمام نئے ضم اضلاع میں گزشتہ (3) سالوں کی کارکردگی کی تفصیل اور خصوصاً باجوڑ کی مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Sep 01, 2025 -- 01:26 PM - Mon
**Question # 1780**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Sep 15, 2025 - Mon
**محترمہ شاہدہ صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیرآبکاری ومحاصل اورانسدادمنشیات ازراہ کرم ارشادفرمائیں گے کہ

(الف) آیایہ درست ہے کہ ضلع مردان میں تمباکو کی پیداوار ہوتاہے؟

(ب) آیایہ بھی درست ہے کہ حکومت،صوبائی اوروفاقی فنڈزمیں تمباکو سے وفاقی اورصوبائی سیس کی کٹوتی کرتی ہے؟

(ج) اگر(الف) و(ب) کے جوابات اثبات میں ہوں تو:

(i) گزشتہ دس سالوں کے دوران ضلع مردان کو تمباکو سیس کی مدمیں کتنی رقم مہیاکی گئی ہے؟

(ii) مذکورہ رقم کس فارمولے کے تحت کن کن تحصیلوں اور حلقوں میں تقسیم کی گئی ہے؟ تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Sep 05, 2025 -- 04:34 PM - Fri
**Question # 1761**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Sep 15, 2025 - Mon
**محترمہ شازیہ جدون صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیرموسمیاتی تبدیلی،ماحولیات،جنگلات وجنگلی حیات ازراہ کرم ارشادفرمائیں گے کہ

(الف) آیایہ درست ہے کہ موسموں کی تبدیلی اس وقت پوری دنیاکاسب سے اہم مسئلہ ہے جس سے لوگ متاثر ہورہے ہیں؟

(ب) اگر(الف) کاجواب اثبات میں ہوتوان کے شدیداثرات سے بچنے کیلئے محکمہ نے اب تک کتناکام کیاہے اور کیاحکمت عملی اپنائی گئی ہے تفصیل فراہم کی جائے

**Notice Date :** Apr 20, 2026 -- 03:38 PM - Mon
**Question # 2144**سوال نمبر
**Sent to Dept Date: July, 09 2026 - Tues**
محترمہ اشبر جان جدون صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی

کیاوزیرِ صنعت، حرفت وفنی تعلیم ازراہِ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ :

(الف) کیا یہ درست ہے کہ حکومت چھوٹے اور درمیانے درجے کے کاروبار (Small and Medium Enterprises - SMEs) کے تحت کاروباری سرگرمیوں کو فروغ دینے کے لیے اقدامات کر رہی ہے ؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو:

(i) چھوٹے اور درمیانے درجے کے کاروبار (SMEs) کے تحت کتنے کاروبار کو فروغ ملا ہے ؟ تفصیل فراہم کی جائے۔

(ii) غیر فعال صنعتوں کو فعال کرنے کے لیے حکومت کی حکمتِ عملی کیا ہے ؟ اور اب تک کن کن اضلاع میں کون کون سی صنعتیں بحال ہوئی ہیں ؟

**Notice Date :** Apr 20, 2026 -- 03:41 PM - Mon
**Question # 2142**سوال نمبر
**Sent to Dept Date: July, 09 2026 - Tues**
محترمہ اشبر جان جدون صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی

کیاوزیرِ صنعت، حرفت وفنی تعلیم ازراہِ کرم ایوان کو مطلع فرمائیں گے کہ :

(الف) اس وقت صوبے میں کل کتنے ٹیکنکل اور ووکیشنل انسٹیٹیوٹس فعال ہیں اور ان میں زیرِ تعلیم طلباء کی مجموعی تعداد کیا ہے ؟

(ب) کیا موجودہ ٹیکنکل کورسز مارکیٹ کی ضروریات کے مطابق ہیں ؟ اگر نہیں، تو ان میں بہتری کے لیے حکومت کیا اقدامات کر رہی ہے ؟